مرکزی مجلسِ شوریٰ
کے مدنی پھول

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں میں بیان ہونے والے
جَدوَل کے متعلق مدنی پھول

شعبہ جدول (پاکستان مشاورت آفس)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی پھول

مرکزی مجلسِ شوری کے مدنی مشوروں میں بیان ہونے والے جَدْوَل کے متعلق مدنی پھول

- ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی (اسلامی بھائی واسلامی بہنیں، اجیر وغیر اجیر) تنظیمی طور پر اس بات کے پابند ہیں کہ ہر ماہ اپنا پیشگی جدول بنا کر اپنے نگران کو ای میل (E mail) واٹس ایپ کریں اور مہینا ختم ہونے پر عملی جدول روانہ کریں۔
- جَدْوَل با مقصد اور دینی کام کو مضبوط کرنے اور بڑھانے والا ہونا چاہئے۔ ایسا نہ ہو کہ بیکار کوشش اور وَقْت کا ضیاع ہو، جیسا کہ کہا جاتا ہے: (Look Busy Do Nothig) یعنی مصروف نظر آتے ہیں، کرتے کچھ نہیں۔
- کسی کام کی کامیابی کیلئے مقصد کا تعین، جدول اور پھر اس کام کے تقاضوں کے مطابق کوشش ضروری ہے۔
- پیشگی جَدْوَل اپنے نگران کو ضرور بھیجیں، ایسا کرنا ہمیں دینی کاموں کا پابند کرے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم
- نگرانِ کابینہ، اپنی کابینہ میں 12 دینی کاموں پر مکمل تَوَجُّہ دیں، دینی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے جدول بنا کر ڈویژن سطح پر مدنی مشورے کریں اور عملی طور پر دینی کاموں میں حصہ لیں۔
- دینی مشورہ شروع ہونے سے حتی الامکان کم از کم 12 گھنٹے قبل پہنچنے کی ترکیب بنائی جائے تاکہ طعام و آرام اور مدنی مشورے سے متعلق کام اطمینان کے ساتھ کئے جاسکیں۔
- پاکستان سطح کا شعبہ ذمہ دار ملک بھر کا جدول بنا کر اپنے شعبے کی ترقی کی بھرپور کوشش کرے۔
- جو دینی کام کرے گا اس کا کام نظر آئے گا۔

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی پھول

- اپنے جدول کو منظم کریں، تمام کاموں کو لکھ کر غور کریں کہ سب سے زیادہ اہم کام کیا ہے جو مجھے پہلے کرنا ہے؟ پھر کون سا؟ وغیرہ۔ جو دینی کام زیادہ اہم ہوں، اُسے سب سے پہلے کیجئے۔
- ہر کام کے لیے وقت اور ہر وقت کے لیے کام ہونا چاہیے۔

اے رضاؔ ہر کام کا اک وَقْت ہے　　　　دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا

- تنظیم جس طرح نتیجہ چاہتی ہے وہ کر کے دیں، صرف زبان سے کارکردگی بیان کرنا کافی نہیں۔
- نِصاب (Syllabus) کتنا ہی اچھا ہو، اگر پڑھانے والے اچھے اور تربیت یافتہ نہ ہوں تو مطلوبہ نتائج کیسے حاصل ہوں گے؟، اسی طرح اگر جدول مضبوط نہ ہو، انتظامی امور میں کمزوری ہو تو کامیابی اور مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے۔
- لوگوں کی مصروفیات کا لحاظ رکھ کر جدول بنایا جائے۔ فِطرت (Nature) سے ہٹ کر کام کریں گے تو لوگ قریب آنے کے بجائے دُور ہوں گے۔
- ذِمہ داران اپنا جدول دینی کاموں کی کَیفیَّت کے مطابق ترتیب دیں، جہاں جس کام میں کمی ہے اس پر توجہ دیں۔
- تمام نگران و ذِمہ داران اس طرح جدول ترتیب دیں کہ ایک ہی سفر میں کئی کام ہو جائیں، بار بار اپنے شہر میں واپس آنا اور پھر جانا، صحت اور اخراجات کے حوالے سے ٹھیک نہیں، اپنا جدول ترتیب دیتے وقت اپنے نگران سے بھی مشورہ کرلیں یا جدول مرتب کرکے پیش کردیں۔
- ☆...جب ایک ماہ کا جدول مکمل ہوجائے تو جدول کارکردگی فارم پُر کر کے اپنے نگران کو ای میل (E mail) کریں۔ کہیں ہفتہ وار اجتماع میں حاضری ہو تو اجتماع کا جدول، شُرَکا، مدنی قافلے، انتظامات وغیرہ کی کارکردگی مختصرًا لکھیں۔ مدنی مشورہ ہو تو مدنی پھول، شُرَکا کی تعداد اور ٹائمنگ (Timing) وغیرہ لکھیں۔ الغرض اپنے نگران کو جملہ اُمُور کی آگاہی فراہم کرتے رہیں۔

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی پھول

- اراکینِ شوریٰ و اراکینِ کابینہ بِالخصوص عُلَماء و مَشائخ سے ملاقات، دار السنہ، شخصیات سے ان کے دفاتر میں ملاقات، جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، مکتبۃ المدینہ کو اپنے جدول میں شامل رکھیں۔ بالخصوص چھٹی کا دن مجالس کے لیے مخصوص رکھیں تاکہ شرکائے مدنی مشورہ کو چھٹی نہ کرنی پڑے۔
- جمعرات کا جدول صرف ہفتہ وار اجتماع کا ہی نہ ہو بلکہ دن کے وقت بھی تنظیمی مصروفیات رکھیں۔(البتہ اجتماع میں مکمل شرکت جدول کے مطابق مغرب تا اشراق وچاشت ہو)۔
- اپنی ڈائری میں اِنفرادی اور اجتماعی دینی کام الگ الگ کریں۔ میل / SMS / فون / مدنی مشورے الگ الگ لکھیں۔اوّل:فوری اور ضروری(Important Urgent)دُوم:فوری (Urgent)سوم:ضروری (Important)۔
- اگر کوئی دینی کام مقررہ وقت میں نہیں ہو پا رہا تو ایک دن پہلے مزید وقت لے لیں۔
- جدول بنا کر دینے، اِسے نافذ کرنے اور اس کی بروقت کارکردگی اپنے نگران کو جمع کروانے سے دینی کام سے متعلق مسائل حل ہو جائیں گے۔اِنْ شَآءَاللہ الکریم
- ہمیں جو دینی کام سونپے جاتے ہیں، اِن پر باقاعدہ مشاورت اوپری سطح پر ہو چکی ہوتی ہے، لہٰذا اپنے نگران سے ملنے والی ہدایات وجدول کے مطابق عمل کر کے اِنہیں پورا کرنے کی بھرپور کوشش کیجئے۔
- طے شُدہ جدول پر عمل ہو تو دعوتِ اِسلامی کا دینی کام مزید اُڑنے لگے گا۔اِنْ شَآءَ اللہ الکریم

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی پھول

- دعوتِ اسلامی کے تمام اجتماعات، سنتوں بھرے اجتماعات و مدنی مشورے بشمول ہفتہ وار اجتماعات، بروَقت شروع اور ختم ہوں۔
- دورانِ جدول پیش آنے والے مسائل پر نگران سے ہاتھوں ہاتھ مدنی مَشورہ کر کے اِنہیں حل کیا کریں۔
- ہر شعبہ کے ذِمہ دار کو اپنے شعبہ کے نگران سے مَربُوط رہنا چاہیئے، کیونکہ جو جتنا مَربُوط ہو گا وہ اُتنا ہی مضبوط ہو گا اِنْ شَآءَاللہ الکریم
- شوق سے دینی کام کرنے والے کو استقامت مل جاتی ہے۔
- اپنے ذِمے لگنے والے دینی کاموں کو کرنے کے دوران یہ بھی مدِ نظر رکھئے کہ پیر اپنے مُرید کے حال پر باخبر ہوتے ہیں۔

شعبہ جدول

18 ذیقعدۃ الحرام 1442ھجری، 29 جون 2021ء

پاکستان مشاورت آفس